**09.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

------------------------------

☆ لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث جاری ہے، راجیہ سبھا میں قومی گیت وَندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے پر خصوصی بحث ہورہی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں 2023 اور 2024 کیلئے قومی دستکاری ایوارڈس عطا کئے۔ انہوں نے کہا کہ دستکاری صرف ایک ثقافتی پہچان نہیں ہے، بلکہ لوگوں کی گزر بسر کا ایک اہم جزو ہے۔

☆ حکومت نے اِنڈیگو بحران کے بعد پورے ملک کے ہوائی اڈوں کی جانچ شروع کی ہے۔ ایئرلائن کے پروازوں کے شیڈیول میں پانچ فیصد کی کمی کی ہے۔

☆ مرکز نے بائیں بازو کی شدت پسندی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنا رکھی ہے اور اس کو اگلے سال مارچ تک ختم کرنے کا عزم کیا ہے۔

☆ اور، BCCI نے IPL-2026 کی بولی میں شامل ہونے والے کھلاڑیوں کی فہرست جاری کی ہے۔ 240 بھارتی کھلاڑی اس میں شامل ہوں گے۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**LS - Discussion Elections**

لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث جاری ہے۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس لیڈر منیش تیواری نے کہا کہ انتخابی کمیشن SIR کرائے جانے کیلئے وجوہات پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی کئی ریاستوں میں SIR جاری ہے لیکن انتخابی کمیشن SIR کرائے جانے کیلئے کوئی قانونی جواز پیش نہیں کرسکا ہے۔ جناب تیواری نے دعوہ کیا کہ آئین انتخابی فہرست کی خصوصی نظرثانی کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتخابی کمیشن کو ایک شق دی گئی تھی۔ جناب تیواری نے اِس بات کی تجویز بھی رکھی کہ یا تو VVPAT کی بھی گنتی ہونی چاہیے یا ملک میں بیلٹ کے ذریعے انتخابات کرائے جانے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ راجیہ سبھا کے اپوزیشن لیڈر اور بھارت چیف جسٹس کو اُس کمیٹی میں شامل ہونا چاہیے، جو انتخابی کمیشن کا انتخاب کریں۔

BJP کے سنجے جیسوال نے کہا کہ اپوزیشن SIR کا معاملہ اِس لیے اُٹھا رہی ہے کہ وہ چاہتی ہے کہ بہار انتخابات میں اُن کی جو بُری طرح ہار ہوئی اُس سے لوگوں کا دھیان بھٹکایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ چوری کا پہلا معاملہ 1947 میں ہوا تھا، جب پوری کانگریس ورکنگ کمیٹی سردار پٹیل کی حمایت میں تھی لیکن پھر بھی انہیں وزیر اعظم نہیں بنایا گیا۔×

## NDA Meeting

آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں، NDA کی پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی۔

میٹنگ میں وزیرِ اعظم نریندر مودی، وزیرِ داخلہ امت شاہ، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، BJP صدر جے پی نڈا، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو، وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، JDU کے ممبر پارلیمنٹ سنجے جھا ، راشٹریہ لوک مورچہ کے سربراہ اوپیندر کُشواہا، NCP کے ممبر پارلیمنٹ پرفُل پٹیل اور NDA کے دیگر ارکانِ پارلیمنٹ موجود تھے۔

میٹنگ کے دوران وزیرِ اعظم مودی کو بہار اسمبلی انتخابات میں، اتحاد کی کامیابی پر NDA کے ارکانِ پارلیمنٹ نے مبارکباد دی۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میٹنگ کے دوران NDA کے سبھی رہنماؤں نے، بہار اسمبلی میں NDA کی کامیابی پر وزیرِ اعظم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نے NDA رہنماؤں سے کہا ہے کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے مزید تیز رفتاری سے کام کریں۔ جناب رجیجو نے بتایا کہ وزیرِ اعظم نے سبھی شعبوں میں اصلاحات پر زور دیا ہے تاکہ عوام کی زندگی میں مزید سہولت پیدا ہو اور اس بات کی یقین دہانی ہو کہ انہیں کسی طرح کے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

**SB - Kiren Rijiju**

## Prez Handicrafts Awards

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں 2023 اور 2024 کے، دستکاری کے قومی ایوارڈس عطا کئے۔ یہ باوقار ایوارڈس غیرمعمولی فنی مہارت کیلئے دیئے جاتے ہیں اور اِن سے بھارت کی مالا مال اور متنوع دستکاری وراثت کے تحفظ اور فروغ کے، حکومت کے عزم کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فنونِ لطیفہ، عوام کو مختلف ثقافتوں اور ایک دوسرے سے مربوط کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دستکاری محض کوئی ثقافتی پہچان نہیں ہے بلکہ عوام کی گزر بسر کا ایک اہم عنصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ شعبہ ملک میں 32 لاکھ سے زیادہ لوگوں کو روزگار فراہم کرتا ہے اور اِن میں زیادہ تر کا تعلق دیہی علاقوں سے ہے۔

**SB - Dropadi Murmu**

2023 کا، شِلپ گرو ایوارڈ، جو کپڑوں پر ہاتھ سے بنائی گئی پینٹنگ کے زمرے میں دیا جاتا ہے، مغربی بنگال کے اجیت کمار داس کو دیا گیا، جبکہ آندھرا پردیش کے D Sivamma کو چمڑے کی کٹھ پتلی کے زمرے میں انعام دیا گیا ہے۔

2023 کے قومی ایوارڈس چھتیس گڑھ کی ہیرا بائی جھریکا بھگیل کو دھات کی دستکاری کیلئے، اترپردیش کے امتیاز احمد کو ہاتھ سے بنائے گئے قالین کیلئے اور راجستھان کے روشن چھیپا کو فنی انداز کے کپڑوں کیلئے دیئے گئے۔

2024 کیلئے شِلپ گرو ایوارڈس ہریانہ کے سبھاش اروڑہ کو دھات کی دستکاری اور اترپردیش کے محمد دلشاد کو لکڑی کی دستکاری کیلئے دیئے گئے۔

2024 کے قومی ایوارڈس تمل ناڈو کے T Baskaran کو پتھر کی تراشیدگی، مغربی بنگال کے Rupban Chitrakar کو پینٹنگ اور مدھیہ پردیش کے بلدیو باگھ مارے کو قبائلی کاریگری کے زمرے میں دیئے گئے۔ 2023 اور 2024 کے شِلپ گرو ایوارڈس مجموعی طور پر 12 کاریگروں کو عطا کئے گئے ہیں۔

صدرِ جمہوریہ نے خاص طور پر کہا کہ دستکاری کے شعبے میں خواتین کی تعداد 68 فیصد ہے اور اِس شعبے کی ترقی بھی خواتین کو بااختیار بنانے کی یقین دہانی کرائے گی۔ صدرِ جمہوریہ نے خوشی کا اظہار کیا کہ 20 دستکار خواتین نے آج یہ ایوارڈس حاصل کئے ہیں۔

اِس موقع پر کپڑوں کی صنعت کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے کہا کہ حال ہی میں GST کی 18 فیصد شرحوں میں کمی کرکے انہیں 5 فیصد کیا گیا ہے، جس سے اِس شعبے کو بھی فائدہ ہورہا ہے۔ برآمدات کے بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ حکومت نے، اِن مصنوعات میں 32-2031 تک ایک لاکھ کروڑ روپے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔x

## DGCA Meeting

شہری ہوا بازی کی وزارت نے اپنے سینئر افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایئرلائن کی پروازوں اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی خدمات کی تصدیق کیلئے ہوائی اڈوں کا دورہ کریں۔ وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اگر دورے میں کوئی خامی پائی جاتی ہے، جس میں مسافروں سے موصولہ اُن کی رائے بھی شامل ہے، تو اُسے فوری طور پر دور کیا جائے گا اور اِس سلسلے میں اصلاح کی جائے گی۔ یہ ہدایت ایک اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ میں دی گئی، جس کی قیادت شہری ہوا بازی کے وزیر 'کے-رام موہن نائیڈو' نے کی۔ نئی دلّی میں یہ میٹنگ موجودہ صورتحال کا جامع طور پر جائزہ لینے کیلئے منعقد کی گئی۔

وزارت نے بتایا کہ وہ DGCA کے ساتھ مل کر اِس مہینے کی تین تاریخ سے سبھی ہوائی اڈوں پر بروقت صورتحال کا قریبی جائزہ لے رہی ہے۔ یہ جائزہ IndiGo کی پروازوں میں رکاوٹ کی وجہ سے لیا جارہا ہے۔ x

## DGCA - Schedule

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے IndiGo کو ہدایت دی ہے کہ وہ پروازوں میں بڑے پیمانے پر حالیہ رکاوٹوں اور منسوخی کے تناظر میں سبھی سیکٹروں میں اپنی پروازوں کے اوقات میں پانچ فیصد کمی کرے۔ یہ منسوخی، خاص طور پر زیادہ مانگ اور زیادہ پروازوں میں کی جائے گی نیز IndiGo کی طرف سے کسی سیکٹر میں واحد پرواز سے گریز کیا جائے۔

DGCA نے ایک نوٹس میں کہا ہے کہ ایئرلائن کیلئے ہر ہفتے 15 ہزار سے زیادہ پروازوں کی رخصتی کو منظوری دی گئی ہے، جو اِس سال کے موسمِ سرما کے پروگرام کے مطابق ہے۔ اِس طرح امید تھی کہ نومبر میں 64 ہزار پروازیں رخصت ہوں گی لیکن IndiGo نے اِس مدت میں 60 ہزار سے بھی کم پروازیں چلائیں۔

ڈائریکٹوریٹ نے خاص طور پر کہا کہ IndiGo نے اپنی رخصت ہونے والی پروازوں میں اضافے کے باوجود پروازوں کے اوقات اور تاریخوں پر عمل کرنے کی اہلیت کا مظاہرہ نہیں کیا۔

شہری ہوا بازی کے ادارے نے ایئرلائن سے کہا ہے کہ وہ کل پانچ بجے تک ایک دوسری فہرست داخل کرے۔x

**LS - Indigo Crisis**

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے آج کہا کہ حال ہی میں انڈیگو کے واقعہ کی وجہ سے جو تعطل پیدا ہوا تھا وہ تیزی کے ساتھ ختم ہورہا ہے اور حالات معمول پر آرہے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کو دوہرایا کہ حکومت ایئرلائن کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے پُر عزم ہے۔ لوک سبھا میں خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ انڈیگو کو پوری طرح ذمہ دار ٹھہرایا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ شہری ہوابازی کے ڈائرکٹریٹ جنرل نے ایئر لائن کو نوٹس جاری کیے ہیں اور اُس کی رپورٹ کی بنیاد پر سخت کارروائی کی جائے گی۔x

**LS Chouhan Foodgrains**

حکومت نے آج بتایا ہے کہ ملک میں اناج کی کُل پیداوار 35 کروڑ 70 لاکھ ٹن سے زیادہ ہے، جو پچھلے سال کے مقابلے 7 اعشاریہ چھ پانچ فیصد زیادہ ہے۔

لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران، ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ یہ کسانوں کی محنت اور مرکز کی پالیسیوں کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں 2024-25 میں فصل کی، ابھی تک کی سب سے زیادہ پیداوار ہوئی ہے۔ جناب چوہان نے بتایا کہ اناج کی پیداوار میں، 2014-15 کے مقابلے تقریباً 42 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

**SB - Shiavraj Chouhan**

قدرتی آفات کے سبب فصل کے نقصان کے بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ قدرتی آفات کی صورت میں کارروائی کے ریاستی فنڈ SDRF کے تحت سبھی ریاستوں کو پیشگی رقوم فراہم کردی گئی ہیں تاکہ وہ فوری راحت فراہم کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ 2021-22 سے 2025-26 کی مدت کے دوران SDRF کے تحت ایک لاکھ 28 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم مختص ہے تاکہ اِس بات کی یقین دہانی ہو کہ ریاستی سرکاریں متاثرہ لوگوں کی مدد کررہی ہیں۔ x

**PM - Janman Tripura**

مرکزی سرکار نے تریپورہ میں سڑکوں کے 25 پروجیکٹوں کیلئے تقریباً 69 کروڑ روپے کی منظوری دی ہے۔ یہ پروجیکٹ ریاست کے خصوصی توجہ کے 30 قبائلی گروپ (PVTG) کیلئے کنکٹی وِٹی میں اضافہ کریں گے۔ دیہی ترقی کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ پروجیکٹ ''پردھان منتری جن جاتی آدیواسی نیائے مہا ابھیان'' کے حصے روڈ کنکٹی وِٹی کے تحت شروع کیے جارہے ہیں۔ وزارت نے بتایا ہے کہ اِس قدم سے PVTGs کی سماجی اقتصادی حالت میں سُدھار آئے گا اور ریاست میں معیشت، تجارت اور کامرس کو فروغ حاصل ہوگا۔x

**IPL**

BCCI نے IPL-2026 کی بولی کیلئے کھلاڑیوں کی مکمل فہرست جاری کردی ہے۔ 16 دسمبر کو ابوظہی میں یہ بولی لگائی جائے گی، جس کے تحت 240 بھارتی اور 110 غیر ملکی کھلاڑیوں کو بولی میں شامل کیا جائے گا۔ ایک ہزار 390 کھلاڑیوں نے اس بولی کیلئے رجسٹریشن کرایا تھا، جس میں سے 350 کھلاڑیوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اس سال 77 زمروں پر شدید بولی لگائی جائے گی۔ اب تک 173 کھلاڑی اپنی اپنی ٹیموں میں پچھلا مقام حاصل کرچکے ہیں۔ سب سے زیادہ قیمت کا زمرہ دو کروڑ روپے سے شروع ہورہا ہے، جس میں 40 کھلاڑیوں نے بولی کیلئے رجسٹریشن کرایا ہے۔ مجموعی طور پر کمپنیاں کھلاڑیوں پر 237 کروڑ روپے خرچ کریں گی۔

کولکاتا نائٹ رائڈرس سب سے زیادہ خرچ کرنے والی کمپنی ہے، جو 64 کروڑ 30 لاکھ روپے اس بولی میں لگائے گی۔ اس کے بعد چنئی ہے، جو 43 کروڑ 40 لاکھ روپے اس بولی میں لگائے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆